17/06/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

کنیڈا دورہ

کنیڈا Kananaskis قبرص کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی آج ملکوں، دیگر مدعو ملکوں کے لیڈروں اور G-7 سمٹ میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم G-7 میں بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہوں کے ساتھ اہم عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

وزیرِ اعظم

بھارت اور قبرص نے دہشت گردی اور انتہاپسندی کی سبھی صورتوں کی سخت مذمت کی ہے۔ Nicosia کے درمیان Christodoulides Nikos وزیرِ اعظم نریندر مودی اور قبرص کے صدر میں وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد جاری ایک مشترکہ اعلامیے میں دونوں ملکوں نے سرحد پار کی دہشت گردی سے لڑنے کیلئے ایک جامع ، تعاون پر مبنی اور پائیدار نظریہ اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں لیڈروں نے پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملوں میں شہریوں کی بہیمانہ ہلاکت کی سخت مذمت کی ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نئی دلی میں فوٹو جرنلسٹ اشیش شرما کی کافی ٹیبل کتاب ، لانچ کی۔اس موقعہ پر خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر Reimaging Jammu and Kashmir نے اگست 2019 میں دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد سے جموں و کشمیر میں ہونے والی مسلسل تبدیلیوں کو حقیقی انداز میں پیش کرنے اور مختلف شعبوں میں ترقی کے لئے فوٹو جرنلسٹ آشیش شرما کی تعریف کی۔ ایل جی نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں انتظامیہ کی کوششوں کی بدولت خوف اور کسی بھی امتیاز سے پاک جموں کشمیر کے قیام کو اجا گر کیا ۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ہینڈکرافٹس اینڈ ہینڈلوم ڈیپارٹمنٹ کے جاری اور مجوزہ منصوبوں کا جائزہ لیا ۔ انہوںنے جدید تکنیکوں کو بروئے کار لا کر حقیقی کاریگروں کے مفادات کے تحفظ کی ضرورت کو اجا گر کیاچیف سکریٹری نے جی آئی ٹیگنگ ، کیو آر کوڈ ٹیگنگ ، traceability ٹولز اور ڈیجیٹل توثیق کے میکانزم کے جامع استعمال پر زور دیا ۔

پرنسپل سیکرٹری

محکمہ جیالوجی و مائننگ کے پرنسپل سیکرٹری انیل کمار سنگھ نے سول سیکرٹریٹ سرینگر میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے محکمہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے معدنی وسائل کی نیلامی موجودہ رہنما خطوط کے تحت جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے غیر قانونی کان کنی کی مکمل روکتھام پر زور دیا۔

SSG

ڈائریکٹوریٹ آف رورل سینیٹیشن جموں و کشمیر نے رورل ڈیولپمنٹ کشمیر کے ڈائریکٹوریٹ میں سوچھ سروکشن گرامین 2025 پر ایک ورکشاپ منعقد کیا۔ ورکشاپ میں وادی کے اسسٹنٹ کمشنرز ڈیولپمنٹ ، اسسٹنٹ کمشنرز پنچایت ، بلاک ڈیولپمنٹ افسران اور دیگر سوچھ بھارت مشن گرامین کے عہدیداروں نے شرکت کی ۔ رورل سینیٹیشن جے اینڈ کے کے ڈائریکٹر جنرل انو ملہوترا نے قومی سروے میں نتیجہ پر مبنی درجہ بندی کے حصول کے لئے معاشرتی شرکت ، صفائی ستھرائی اور اعداد و شمار کی مضبوط توثیق کی اہمیت پر زور دیا۔

حج

فریضہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد جموں کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ آج سے شروع ہو رہا ہے ۔ جموں کشمیر حج کمیٹی کی ایک نوٹفکیشن کے مطابق جو عازمین سرینگر سے چار مئی کو سفر محمود پر روانہ ہوئے تھے وہ آج کی پرواز سے واپس سرینگر پہنچ رہے ہیں ۔ پہلی پرواز آج شام ساڑھے آٹھ بجے متوقع ہے ۔

یوگا

21 جون کو یو گا کے 11 ویں بین الاقوامی دن کے سلسلے میں ملک بھر میں تیاریاں شد و مد کے ساتھ جا ری ہیں۔ اس سلسلے میں وادی کے مختلف اضلاع میں بھی متعلقہ افسران تیاریوں

کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ لوگوں کی بھاری شرکت کے ساتھ یوگا تقریبات کا احسن انعقاد یقینی بنایا جا سکے ۔

بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے وشوکرما اور پی ایم سوریہ گھرمفت بجلی یوجنا سمیت زراعت اور اس سے وابستہ شعبے کی اسکیموں کے تحت زیر التوا معاملات کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے بینکوں کو ہدایت دی کہ وہ تمام زیر التواءدرخواستوں کی منظوری کو تیز کریں اور اہل مستحقین مستفید ہو سکیں ۔

کپواڑہ

ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کپواڑہ نے گورنمنٹ پالی ٹیکنک کالج کپواڑہ اور تمام آئی ٹی آئیز میں سِکل مشن ہنرمند کپواڑہ' کا آغاز کیا۔اس اقدام کا مقصد نوجوانوں کو اپنے روزگار کو بڑھانے کے لئے مہارت فراہم کرنا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ